سوال

جائے نماز پاک یا نجس

جواب

ٹائلز کے فرش پر نماز کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرے شوہر کے ساتھ ایک مسئلہ ہے کہ وہ ایک ایسی جگہ کام کرتے ہیں جہاں سے باربار باہر نکلنا بہت مشکل ہوتا ہے اسلئے انکواپنے کام کی جگہ پر ہی نماز پڑھنی پڑتی ہے ۔ اس جگہ کا فرش ماربل کے ٹائلز کا ہے جس پر دن میں کئی بار پوچا دیا جاتا ہے وہ وہیں فرش پر نماز پڑھ لیتے ہیں انکے ایک دوست نے کہا کیوں کہ لوگ یہاں چپل سمیت (وہ چپلیں بھی اس مخصوص جگہ کی ہیں) آتے جاتے ہیں اسلئے یہاں نماز نہیں ہوتی میرے شوہر کا استدلال ہے کہ یہ جگہ خشک ہے اور چپلیں بھی خشک ہوتی ہیں اسلئے نماز صحیح ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! مذکورہ جگہ پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے ،وہ جگہ ان شاء اللہ پاک اور صاف ہے ، کیونکہ اللہ تعالی نے زمین کو پاک بنایا ہے ، اگر کسی جگہ ظاہری نجاست نہ پڑی ہو تو وہاں نماز پڑھی جا سکتی ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی